© rasailojaraid.com



سمیع الحق

# وفیات

- ہمارے حلقہ کے جید معمر اور مجاہد اسلام عالم حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب خطیب انارکلی لاہور کا بھی ان دنوں وصال ہوا۔ مرحوم جہاد و عزیمت فقر و زہد اور اعلاء کلمۃ الحق میں اکابر کا نمونہ تھے حق تعالیٰ انہیں بہترین اجر و ثواب سے مالا مال فرمائے اور اخلاف کو ان کے اتباع کی توفیق دے۔
- پچھلے دنوں ممتاز بزرگ اور داعی حضرت مولانا محمد اشرف خان صاحب صدر شعبہ اسلامیات اسلامیہ کالج پشاور کی والدہ محترمہ کا وصال ہوا۔ مولانا علمی و تبلیغی حلقوں کی معروف شخصیت ہیں۔ دارالعلوم اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے پشاور جا کر مولانا سے مرحومہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔ قارئین سے بھی دعا کی درخواست ہے۔
- حضرت مولانا مجاہد خان صاحب الحسینی فاضل دیوبند نوشہرہ علماء دیوبند کی جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ آزادی ہند کے ہنگامہ خیز دور میں آپ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی مرحوم کے حفاظتی دستہ میں شامل اور حضرت کے خاص ترین خدام میں سے تھے۔ ان کے والد بزرگوار کا انتقال ہوا جو خود ایک خدا ترس علم دوست بزرگ شخصیت تھے۔ نماز جنازہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے پڑھائی اور دارالعلوم سے کئی حضرات نے شرکت کی۔ مرحوم کے درجات عالیہ کے لئے دعا کی اپیل کی جاتی ہے۔
- حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی کے ایک مرید باصفا کلور کوٹ کے استاذ الحفاظ حافظ سراج الدین صاحب ناظم عمومی کالعدم جمعیۃ علماء اسلام ضلع میانوالی کا ۵ دسمبر کو انتقال ہوگیا سب حضرات سے دعا کی امید ہے۔ قیام الدین حسینی بن مرحوم حافظ صاحب کلور کوٹ
- حضرت مولانا فقیر احمد نور صاحب ساکنہ پارک ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کا بعمر ۸۵ سال انتقال ہوگیا۔ مرحوم حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب دہلوی کے تلمیذ رشید اور حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف کے خلیفہ مجاز علم و عمل کے پیکر تھے۔ دینی کتابوں کے رسیا اور عمر بھر اس کے جمع کرنے کے شائق تھے۔ خاندان میں درجن بھر علماء و فضلاء موجود ہیں۔ تقسیم ہند کے بعد جمعیۃ علماء اسلام میں رہے اپنے علاقہ میں مولانا مفتی محمود کی کامیابی میں بنیادی کردار ادا کیا۔ دعاء مغفرت کی توقع ہے۔ عبدالغفور ساکنہ روڈی خیل۔ ڈی آئی خان
- ہمارے محترم حضرت مولانا محمد رمضان صاحب امیر جمعیۃ علماء اسلام میانوالی و مولانا غلام حیدر صاحب پروفیسر و محترم مولانا احمد سعید صاحب میانوالی کی والدہ محترمہ ۲۵ دسمبر کو وفات پاگئیں۔ دعائے مغفرت شامل حال فرمائیں۔

© rasailojaraid.com